SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
September 20, 2023

**ایس ای سی پی اور اگنائٹ کے مابین تعاون کی یاداشت پر دستخط**

**فن ٹیک اور سٹارٹ اپ کے فروغ کے لئے وینچر کیپیٹل فنڈ قائم فنڈ قائم کرنے کی تجویز: ڈاکٹر عمر سیف**

اسلام آباد(20 ستمبر) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کام، ڈاکٹر عمر سیف نے ملک میں فن ٹیک اور سٹارٹ اپ کے فروغ اور معاون ماحول کی فراہمی کے لئے حکومتی تعاون سے وینچر کیپیٹل فنڈ قائم کرنے کی تجویز دی ہے۔ اس مقصد سے انہوں نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کا دورہ کیا اور وینچر کیپیٹل کے فنڈ آف فنڈ قائم کرنے کے طریق کار، فوائد اور مجوزہ فنڈ کے آپریشنل معاملات پر تفصیلی بریفنگ لی۔

اس موقع پر ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید نے وفاقی وزیر کو فن ٹیک اور سٹارٹ اپ کو معاونت فراہم کرنے کے اقدامات، خاص طور پر ریگولیٹری سینڈ بکس میں شامل کئے گئے بزنس ماڈل اور ان کی منظوری کے طریق کار پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر سیف نے ریگولیٹری سینڈ باکس میں شامل کئے گئے جدید بزنس ماڈل، جیسے کہ اثاثوں کے فریکشنلائزیشن میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔

عاکف سعید نے ایس ای سی پی کی ڈیجیٹلائزیشن، سرمایہ کاروں کو فراہم کی گئی ریگولیٹری سپورٹ اور سہولت کاری دیگر ریگولیٹری پالیسیوں بارے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ایس ای سی پی کے کمشنر مجتبیٰ احمد لودھی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر سپیشلائزڈ کمپنیز محترمہ خالدہ حبیب، سی اگنائٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عاصم شہریار حسین اور دیگر حکام موجود تھے۔ خالدہ حبیب نے وفاقی وزیر کو حکومت کی جانب سے وینچر فنڈ آف فنڈز کی تشکیل کے لیے ریگولیٹری تقاضوں کے بارے میں بتایا۔

اس موقع پر ایس ای سی پی اور حکومتی ادارے اگنائٹ کے درمیان باہمی تعاون کی یادداشت پر بھی دستخط کئے گئے۔ مفاہمتی یاداشت کا مقصد سٹارٹ اپ اور فن ٹیک سیکٹر میں آگاہی فراہم کرنے اور درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دینے کے لئے

تعاون کیا جائے گا۔ مفاہمتی یادداشت پر ایس ای سی پی کے کمشنر جناب مجتبیٰ احمد لودھی اور اگنائٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب عاصم شہریار حسین نے دستخط کیے۔